26/03/2026

12.30 pm

<u>لیفٹنٹ گورنر</u>

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے ابھرتے ہوئے چلینجوں کا موثر طریقے پر مقابلہ کرنے کیلئے افراد اور اداروں کو با اختیار بنانے کی ضرورت پر زور دیا ہے تاکہ بھارت کو دنیا کا ایک عظیم ملک بنانے کے خواب کوشرمندہ تعبیر کیا جا سکے۔

گاندھی نگر جمونمیں پدما شری پدما سچ دیو گورنمنٹ کالج فار وومن میں انڈین سوسائٹی فار ٹریننگ اینڈ ڈیولپمنٹ کے جموں چیٹر کا رسمی طور پر افتتاح کرنے کے بعد خطاب کرتے ہوئے کے ساتھ اشتراک کرکے اس عزم کو ISTD ایل جی نے یونیورسٹیوں اور اداروں پر زور دیا کہ وہ جامع شکل دینے میں اپنا رول ادا کریں۔

<u>صوبائی کمشنر</u>

صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ نے لوگوں سے کہا ہے کہ وہ افواہوں پر کان نہ دھریں اور وہ صرف سرکار کی طرف سے جا ری جانکاری پر ہی بھروسہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ وادی اور پیٹرولیم اشیاءکا وافر سٹاک موجود ہے۔ میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کر تے ہوئے LPGمیں انہوننے کہا ۔

<u>پیٹرول</u>

دریں اثناءوادی میں کام کر رہے پیٹرول پمپ مالکان نے صوبائی کمشنر کشمیر انشل گرگ سے اپیل کی ہے کہ سرینگر جموں قومی شاہراہ پر اوئل ٹینکروں کی بلا خلل آواجائی کو یقینی بنایا جا نا چاہئے ۔ شعبہ خبر کے ساتھ کئی پیٹرول پمپ مالکان نے بات کرتے ہوئے کہا کہ ان ٹینکروں کو چیک پوائنٹس پر ضروری لوازمات پورا کرنے کے عمل کو پورا کرتے ہوئے سفر کرنے کی اجازت دی جانی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ اس سے وادی میں ایندھن کی احسن طریقے پر سپلائی کو یقینی بنایا جا سکے گا ۔

<u>رام نومی</u>

آج پورے ملک کے ساتھ ساتھ جموں کشمیر میں بھی بھگوان شری رام کا جنم دن یعنی رام نومی مذہبی جوش و خروش کے ساتھ منایا جا رہا ہے ۔ اس سلسلے میں آج مندروں میں خصوصی پوجا پاٹھ کا اہتمام کیا جا رہا ہے ۔

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ، نائب وزیر اعلیٰ، کابینی وزراءاور کئی دیگر اہم شخصیات نے لوگوں کو رام نومی کے موقعہ پر مبارکباد دی ہے۔

جاوید احمد ڈار

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے رنبیر باغ گاندربل کا دورہ کر کے وہاں اینمل ہسبنڈری سینٹر کے کام کا جائزہ لیا ۔ اس موقعہ پر وزیر موصوف نے کہا کہ ڈیری سیکٹر کو جموں کشمیر کے اقتصادی منظر نامے میں کلیدی اہمیت حاصل ہے اور یہ شعبہ بے روزگار نوجوانوں کے لئے روزگار کا بڑا وسیلہ ثابت ہو سکتا ہے ۔ انہوں نے افسروں کو ہدایت دی کہ وہ اس پروجیکٹ میں جدیدیت لانے کے لئے مزید اقدامات کریں ۔

چیف سیکرٹری

چیف سیکرٹری اٹل ڈلو نے جموں میں کل ایک میٹنگ کے دوران Tawi Artificial Lake اور رِوَر فرنٹ ڈیولپمنٹ پروجیکٹ کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے متعلقہ افسروں کو ہدات دی کہ وہ ان پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل کو یقینی بنائیں ۔

SKICC

سرینگر میں جموں کشمیر ٹریڈ پرموشن آرگنائزیشن کی طرف سے منعقد کیے گئے SKICC نیز وَن ڈسٹرکٹ وَن Buyer-Seller Meet اور دو روزہ انٹرنیشنل Fest 2026 ایگرو اینڈ فوڈ پروڈکٹ 2026 اختتام پذیر ہوئے ۔ اس دوران وادی کے کاریگروں ، کارخانہ داروں ، بر آمد کاروں کو اپنی اشیاءکی نمائش کرنے کا موزون پلیٹ فارم مہیا ہوا ۔

ACB

اینٹی کورپشن بیورو جموں کشمیر یوٹی سے رشوت خوری کا قلع قمع کرنے نیز رشوت خوروں کو کیفر کردار تک پہنچانے کے لئے ہر ممکن اقدامات کر رہا ہے تاہم اس بدعت کا مکمل طور سے خاتمہ کرنے کے لئے عوام کا تعاون کلیدی اہمیت کا حامل ہے ۔

ACB نے عام لوگوں کی سہولیات کیلئے ایک ہیلپ لائن بھی جاری کی ہے جس کا نمبر9419678060 ہے ۔ اس بارے میں ACB کے ڈائریکٹر شکتی کمار پاٹھک نے آکاشوانی نیوز سرینگر کو بتایا ۔

سمینار

جموں اینڈ کشمیر سٹیٹ سینٹر نے کل جل شکتی The Institution of Engineers India محکمہ کشمیر کے اشتراک سے پانی کے عالمی دن کے سلسلے میں ایک روزہ سمینار کا انعقاد کیا ۔ IEI-JKSC کے چیر مین انجینئر فردوس احد بٹ نے خطے میں آبی وسائل کی نظامت سے متعلق ایک تفصیلی خاکہ پیش کیا ۔ اپنے استقبالیہ خطبے میں

<u>سرینگر</u>

سرینگر کے ضلع ترقیاتی کمشنر اکشے لابرو نے کل ایک میٹنگ کے دوران ضلعے میں زراعت اور اس سے منسلک شعبوں کی سکیموں کی حصولیابی کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے خاص طور سے HADP، JKCIP اور KKG سکیموں کے بارے میں جانکاری حاصل کی ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****